Cambridge Assessment
International Education

# Example Candidate Responses – Paper 3

## Cambridge International AS & A Level
## For centres in Pakistan
## Urdu Language 8686
## Urdu 9686

For examination from 2020




Version 1

Cambridge Pathway

Copyright © UCLES 2021

Cambridge Assessment International Education is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which itself is a department of the University of Cambridge.

UCLES retains the copyright on all its publications. Registered Centres are permitted to copy material from this booklet for their own internal use. However, we cannot give permission to Centres to photocopy any material that is acknowledged to a third party, even for internal use within a Centre.

# Contents

Introduction....4

Question 2....6
- Example Candidate Response – high....6
- Example Candidate Response – middle / high....8
- Example Candidate Response – low / middle....10

Question 3....12
- Example Candidate Response – high....12
- Example Candidate Response – middle / high....14
- Example Candidate Response – low / middle....16

Question 4....19
- Example Candidate Response – high (1)....19
- Example Candidate Response – high (2)....21
- Example Candidate Response – middle....24

# Introduction

The main aim of this booklet is to exemplify standards for those teaching Cambridge International AS & A Level Urdu, and to show how different levels of candidates' performance (high, middle and low) relate to the subject's curriculum and assessment objectives.

In this booklet, candidate responses have been chosen from the November 2020 series to exemplify a range of answers.

For each question, the response is annotated with a clear explanation of where and why marks were awarded or omitted. This is followed by examiner comments on how the answer could have been improved. In this way, it is possible for you to understand what candidates have done to gain their marks and what they could do to improve their answers. There is also a list of common mistakes candidates made in their answers for each question.

This document provides illustrative examples of candidate work with examiner commentary. These help teachers to assess the standard required to achieve marks beyond the guidance of the mark scheme. Therefore, in some circumstances, such as where exact answers are required, there will not be much comment.

The questions and mark schemes used here are available to download from the School Support Hub. These files are:

**November 2020 Question Paper 3**

**November 2020 Paper 3 Mark Scheme**


Past exam resources and other teacher support materials are available on the School Support Hub:

www.cambridgeinternational.org/support

## How to use this booklet

This booklet goes through the paper one question at a time, showing you the high-, middle- and low-level response for each question. The candidate answers are set in a table. In the left-hand column are the candidate answers, and in the right-hand column are the examiner comments.

### Example Candidate Response – Question 2, low



2- صحت اور تندرستی

ہم دنیا کے مشغلوں میں آج کل اتنا مصروف
ہو گئے ہیں کہ ہمیں اپنی صحت کا کوئی خیال
نہیں رہا، انسان پیسے کمانے میں اتنا مصروف ہو
گیا ہے کہ اس کے لیے وہ اپنی صحت پر
دھیان بھی نہیں دیتا، صحت پیسے سے نہیں
خریدی جا سکتی اس کے لیے آپ کو کافی چیزیں
کرنی پڑتی ہیں۔ جیسے کہ صبح جلدی اٹھنا اور رات
کو جلدی سونا، اور اپنی غذا کا بہت خاص
خیال رکھنا پڑتا ہے۔ اگر انسان کی صحت اچھی ہو تو وہ
خوش گوار زندگی گزارتا ہے اور کافی اور مشکلات سے
بچا رہتا ہے۔

خدا کی دی ہوئی نعمتوں میں سب سے
بڑی نعمت صحت ہے اور اس خیال رکھنا ہماری
ذمہ داری ہے۔ ہمیں اپنی صحت کا خیال کرنا چاہیے
کوئی بھی ایسی چیز نہیں کرنی چاہیے جس کا برا اثر

### Examiner comments

1 The candidate writes a general essay on the overarching topic title which is 'Health and Fitness' although the specific essay question requires the candidate to discuss whether fast food could be considered part of a balanced diet.

2 The candidate emphasises the importance of taking care of your health

**Answers** are by real candidates in exam conditions. These show you the types of answers for each level. Discuss and analyse the answers with your learners in the classroom to improve their skills.

**Examiner comments** are alongside the answers. These explain where and why marks were awarded. This helps you to interpret the standard of Cambridge exams so you can help your learners to refine their exam technique.

## How the candidate could have improved their answer

- Although writing in detail about the broad topic area, the candidate has not always related their points to the specific question title. The points need to be concise and relate directly to the question title for them to be deemed relevant.
- Using some common language errors throughout the essay has affected the overall accuracy and flow of the essay.

This section explains how the candidate could have improved each answer. This helps you to interpret the standard of Cambridge exams and helps your learners to refine their exam technique.

## Common mistakes candidates made in this question

- Candidates did not always include information that is relevant. The points discussed must link to the specific question title and not just to the broad topic area. For instance, the question required the candidates to consider whether fast food could be included as part of a balanced diet. General comments related to health with little or no mention of fast food did not score very highly for Content.

Often candidates were not awarded marks because they misread or misinterpret the questions.

Lists the common mistakes candidates made in answering each question. This will help your learners to avoid these mistakes and give them the best chance of achieving the available marks.

# Question 2

## Example Candidate Response – high

2

متوازن غذا ایسی غذا کو کہا جاتا ہے جو صحت بخش
ہو، حیاتین اور معدنیات سے بھری۔ جس میں سبزیاں، 1
پھلوں اور دالوں کے استعمال کے علاوہ دودھ، دہی بھی
آتا ہے۔ فاسٹ فوڈ یعنی جلد تیار شدہ ہونے والی
غذا امریکی ایجاد ہے۔ جو آج دنیا کے باکثر ممالک میں 2
عام ہے۔ جس کے کئی نقصان ہیں پھر بھی پسند کی جاتی
ہے۔ میری رائے کے مطابق فاسٹ فود کو متوازن غذا
کی فہرست میں نہیں شامل کیا جا سکتا۔

فاسٹ فوڈ کے صحت پر کئی نقصانوں میں سے ایک نقصان یہ
ہے کہ یہ ایسی غذا ہے جس میں تیل اور چکنائی کا حد
سے زیادہ استعمال ہے جو لوگوں میں موٹاپے کا باعث
بنتی ہے۔ دورِ حاضر میں جہاں مشینوں کی ایجادات
انسان کی حرکت اور چہل قدمی میں کمی پیدا کی ہے وہیں
فاسٹ فوڈ جیسی غذا انسان کے لیے زہر کا کام کرتی ہے
پھر یہی موٹاپا کئی اور جانلیوا دل کی بیماریوں
کا باعث بنتا ہے۔

موٹاپا ہی نہیں عموماً دیکھا گیا ہے کہ فاسٹ فوڈ جیسی
غذا کا زیادہ استعمال کرنے والوں کو دانتوں کی بیماری 3
کی بھی شکایت رہتی ہے۔ ماہرین نے ایک رپورٹ
سے یہ بھی پتا لگایا کہ لوگوں میں غم، بے چینی 4
اور افسردگی جیسے احساس کی وجہ بھی فاسٹ فوڈ
بنتا ہے۔ ~~یہ انسان~~ فاسٹ فوڈ انسان کو بے حرست
بنا دیتا ہے جو لوگوں کے قوتِ سوچ پر برا اثر ڈالتی
ہے۔ فاسٹ فوڈ کے مقابلے پھلوں اور سبزیوں کا
استعمال انسان کو تروتازہ رکھتیں اور چست
بناتی ہیں۔

## Examiner comments

1 The candidate uses a complex sentence pattern which shows confidence in linguistic sentence structures.

2 The candidate writes a clear introduction mentioning both a balanced diet and fast food. This shows a good understanding of what the question requires them to discuss.

3 There is evidence of extensive vocabulary being used: *'daur-e-hazar'*, *'jaan leva'*, *'chehal kadmi'* *'baais'*, *'haad se zyaada'*, *'fraham'* *'rujhan'*, *'pabandi aaidh'*.

4 The candidate uses specific examples to support their argument. The use of *'mahraeen'* (experts report) and what they believe helps to further strengthen the candidate's argument.

## Example Candidate Response – high, continued

نوجوانوں میں فاسٹ فوڈ کا بڑھتا ہوا رجحان ایشیائی
ممالک کے لوگوں میں گھر کا کھانا ہمت بخش
کھانا سرے سے ختم کرتا جا رہا ہے۔ پہلے تو یہ
یورپی ممالک میں پسند کیا جاتا تھا مگر جب سے
ان ممالک میں فاسٹ فوڈ سے ہونے والی بیماریوں 5
کی بڑھتی فہرست دکھائی گئی تو اب وہاں کی
ہوٹلوں اور سکولوں وغیرہ میں فاسٹ فوڈ بیچنے
پر پابندی عائد ہو چکی ہے۔ وہ لوگ سکول میں،
کالجوں میں پڑھنے والے طالبعلم کو حیاتین اور 6
معدنیات سے بھری سبزیاں اور پھل فراہم کرتے ہیں۔

~~ہمیں بھی چاہیے کہ ہم اپنے ایشیائی ممالک میں فاسٹ~~
~~فوڈ جیسی نقصان دہ غذا پر پابندی عائد کر دیں اور~~
~~اگر ایسا نہیں تو~~ ہمارے میڈیا چینلز کو چاہیے کہ
وہ فاسٹ فوڈ میں آنے والی غذا، برگر، پیزا، سینڈوچ، 7
اور ٹھنڈی مشروبات میں استعمال ہونے والی اجزاء
کو عوام کو دکھائیں تاکہ ان میں آگاہی پیدا ہو سکے
کہ ان کے پیٹ میں فاسٹ فوڈ کے نام پر کیا غذا
جا رہی ہے۔ ہماری گورنمنٹ کو بھی بازار میں بکنے والی
فاسٹ فوڈ غذا پر روک تھام شروع کر کے لوگوں
میں متوازن غذا کا رجحان پیدا کروانا چاہیے۔

## Examiner comments

5 The essay is well-planned and shows that the candidate has a good grasp of grammatical elements. The conjunction *'magr'* (but) provides both sides of the argument and shows an ability to evaluate material.

6 The candidate makes some attempts at including a variety of linguistic structures. However, a more accurate use of idioms and figurative expressions would have enhanced the overall essay.

7 The candidate provides a suggestion as to how the media needs to draw more attention to the ingredients used in fast food so it can act as a deterrent when people are making life choices. The candidate would benefit from including a clearer conclusion, drawn from the arguments made throughout the essay.

Mark for Content = 14 out of 16

Mark for Language = 21 out of 24

**Total mark awarded = 35 out of 40**

## How the candidate could have improved

- Spending more time on the concluding paragraph would have enhanced the overall answer. Although concluding statements were provided throughout the essay and a conclusion was provided at the end, it did not successfully summarise the points raised in the essay.
- Using idioms and proverbs more extensively would have shown a more natural flair for writing and a confident grasp of the language.

## Example Candidate Response – middle / high

جواب (2) "صحت اور تندرستی"

"قدرِ صحت مریض سے پوچھو
تندرستی ہزار نعمت ہے"

صحت اور تندرستی ایک ایسی نعمت ہے جس کی اہمیت کا اندازہ ہمیں اس کو کھونے کے بعد ہی ہوتا ہے۔ ایک صحتمند زندگی گزارنے کا راز خالص اور متوازن غذا، ورزش، صبح کی سیر، صفائی ستھرائی اور اچھی نیند میں ہے۔

خالص اور متوازن غذا

انسان کو زندہ رہنے کے لیے غذا بہت ضروری ہے لیکن صحت مند رہنے کے لیے متوازن اور خالص غذا کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔ خالص غذا سے مراد وہ کھانے کی چیزیں ہیں جن میں کوئی مصنوعی چیز شامل نہ ہو۔ اور متوازن غذا سے مراد ہے کہ اپنی خوراک میں تمام اشیاء استعمال کو شامل کرنا جو انسانی جسم کو فائدہ دیں۔ خالص اور متوازن غذا انسانی جسم اور ذہن کو چست رکھنے میں بہت بڑا کردار ادا کرتی ہے۔ پھل، سبزیاں، گوشت، دودھ، اس سے بنی اشیاء ایک متوازن غذا میں شامل ہیں۔ 1

دورِ حاضر کے نوجوانوں میں فاسٹ فوڈ کو بڑا پسند کیا جاتا ہے اور فاسٹ فوڈ کو بڑی مقبولیت بھی حاصل ہے۔ فاسٹ فوڈ میں تمام وہ چیزیں شامل ہیں جو بازار ملتی ہیں اور زیادہ تر تلی ہوئی ہوتی ہیں۔ اس میں برگر، پیزا اور بروسٹ وغیرہ شامل ہیں۔ ان تمام کھانوں میں خراب تیل اور ناخالص چیزوں کا بھرپور استعمال ہوتا ہے جس سے انسان کو دل سے لے کر پیٹ تک کی بیماریوں کا شکار رہنا پڑتا ہے۔ فاسٹ فوڈ میں نہ تو سبزیاں ہوتی ہیں اور نہ تو دودھ اور دودھ سے بنی اشیاء ہوتی ہیں جو کہ انسانی جسم اور توانائی کے لیے بہت ضروری ہیں۔ ان میں تمام وہ مصنوعی چیزیں ہوتی ہیں جو انسانی جسم کو الٹا نقصان دیتی ہیں۔ 2 3

## Examiner comments

1. The candidate provides an introduction which relates to the general topic of the essay. A more specific introduction related directly to the essay question would show a clearer understanding of the discussion required.

2. The candidate shows a generally sound level of understanding and makes some relevant points. There is, however, an inconsistency with developing arguments.

3. The candidate uses lots of short simple sentences. More complex sentence structures and the use of conjunctions to form compound sentences would enable the candidate to make more balanced points. A clearer sentence comparing a balanced diet to a natural diet would summarise the main point the candidate is trying to make here.

| Example Candidate Response – middle / high, continued | Examiner comments |
|---|---|
| فاسٹ فوڈ میں ملتوازن غذا نہ ہونے کی وجہ سے<br>جسم کی ضروریات پوری نہیں ہوتیں اور بیماریاں ہوتی 4<br>اور انسان بیمار ہو جاتا ہے۔ دورِ بازار میں موٹاپا 5<br>کا عام ہونے کی وجہ بھی فاسٹ فوڈ کھانا اور ورزش نہ کرنا<br>ہے۔ اور موٹاپا انسان کی صحت کو دیمک کی طرح چاٹ جاتا ہے۔<br>فاسٹ فوڈ سے کینسر جیسی بیماریاں بھی ہوتی ہیں۔<br>[redacted]<br>ان تمام باتوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فاسٹ فوڈ<br>ملتوازن غذا نہ ہونے کی وجہ سے انسان کو نقصان دیتا ہے اور یہ 6<br>ملتوازن غذا ہی ہے۔ ایک صحت و تندرست زندگی گزارنے کے لیے<br>خالص اور ملتوازن غذا کھانے سے کم خرچ اور بالاتشین کوئی اور نسخہ نہیں 7<br>کسی نے بہت خوب کہا ہے کہ "جان ہے تو جہان ہے" | 4 The candidate makes some attempts to develop an argument, however, the message is not always conveyed accurately due to a tendency to use less extensive vocabulary and a limited capacity to elaborate on points.<br><br>5 Errors by the candidate, including spellings, are prevalent throughout the text. *'Daur-e haazir' 'Musnui', 'khuraaq'* and *'baahir'* are all spelt inaccurately although they are good technical words that relate to the topic of this essay.<br><br>6 The candidate makes very little attempt to use a more ambitious sentence structure and where attempts are made, the sentences are a little clumsy. There is little variety in tense types with the vast majority of the essay being written in present tense.<br><br>7 The candidate provides a brief conclusion summarising the main points of the essay. Although two relevant, pre-learned proverbs are used, they are not integrated into the content. More time spent on using proverbs and idioms more fluently would greatly enhance the flow of this essay.<br>Mark for Content =<br>13 out of 16<br>Mark for Language =<br>19 out of 24<br><br>**Total mark awarded =<br>32 out of 40** |

## How the candidate could have improved

- The candidate needed to provide more specific examples and references to justify and support the points raised.
- Although the candidate made some attempts at including some pre-learned idioms and phrases, they did not always integrate well and did not help to further develop the point being made.

## Example Candidate Response – low / middle

2–

صحت اور تندرستی

ہم دنیا کے مشغلوں میں آج کل اتنا مصروف
ہو گئے ہیں کہ ہمیں اپنی صحت کا کوئی خیال
نہیں رہا، انسان پیسے کمانے میں اتنا مصروف ہو
گیا ہے کہ اس کے لیے وہ اپنی صحت پر
دھیان بھی نہیں دیتا، صحت پیسے سے نہیں
خریدی جا سکتے اس کے لیے آپ کو کافی چیزیں
کرنی پڑتی ہیں۔ جیسے کہ صبح جلدی اٹھنا اور رات
کو جلدی سونا، اور اپنی غذا کا بہت خاص
خیال رکھنا پڑتا ہے۔ اگر انسان کی صحت اچھی ہو تو وہ (1)
خوش گوار زندگی گزارتا ہے اور کافی اور مشکلات سے
بچا رہتا ہے۔

خدا کی دی ہوئی نعمتوں میں سب سے
بڑی نعمت صحت ہے اور اس خیال رکھنا ہماری
ذمہ داری ہے۔ ہمیں اپنی صحت کا خیال کرنا چاہیے (2)
کوئی بھی ایسی چیز نہیں کرنی چاہیے جس کا برا اثر
آپ کی صحت پر پڑے۔ ہمیں اپنی غذا کا بہت
خیال رکھنا چاہیے، اور اس کا سب سے آسان
طریقہ ہے کہ ہم گھر کا پکا ہوا کھانا کھائیں کیونکہ گھر میں
پکا ہوا کھانا صاف ستھرا ہوتا ہے اور تازہ تیار ہوتا ہے
اور کھانے والے کو پتا ہوتا ہے کہ کن ہاتھوں سے
کھانا بنا ہے اور گھر کا کھانا کھانے سے آپ کی
صحت پر اچھا اثر پڑتا ہے۔ جبکہ باہر کے کھانوں
پر آپ اعتماد نہیں کر سکتے کیونکہ نہ تو وہ آپ
کے سامنے پکتا ہے اور آپ کو معلوم
نہیں ہوتا کہ کس نے بنایا ہے اور کب کا بنا ہوا
ہے اور نہ ہی اس میں ڈالا ہوا آئل صاف ہوتا
ہے جو کہ آپ کو بہت سی بیماریاں لگاتا ہے

## Examiner comments

(1) The candidate writes a general essay on the overarching topic title which is 'Health and Fitness' although the specific essay question requires the candidate to discuss whether fast food could be considered part of a balanced diet.

(2) The candidate emphasises the importance of taking care of your health but does not mention fast food or a balanced diet which was a requirement for this essay title. More points related to the essay would score more marks.

## Example Candidate Response – low / middle, continued

پھلوں کا استعمال عام کرنا چاہیے اور
سبزیں بھی صحت کو بہت مضبوط بناتی ہیں اس (3)
لیے دن میں ایک دفعہ سبزی کھانی چاہیے۔
صبح جلدی اٹھنے اور رات کو جلدی سونے سے بھی
آپ کی صحت اچھی رہتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ
انسان تندرست بھی رہتا ہے۔ ہمیں لازمی چاہیے
کہ ہم دن میں کوئی واقت مقرر کر لیں جس واقت
ہم واک شروع کر لیے اور اگر تو جوان ہیں تو اپنے دوستوں (4)
کے ساتھ کوئی کھیل کھیلیں جیسے کہ کرکٹ اور فٹ بال
وغیرہ۔ اس سے انسان ہمیشہ صحت مند
اور تندرست رہتا ہے۔
میری فاسٹ فوڈ کے بارے
میں یہ رائے ہے کہ ہفتے میں ایک بار کھائے
پر روز روز فاسٹ فوڈ کھانا مناسب نہیں
گھر کا پکا ہوا تازہ کھانا ہی کھانا چاہیے۔ نہیں فاسٹ (5)
فوڈ کو ہم متوازن غذا میں شامل نہیں کر سکتے کیونکہ
اس سے آپ کی صحت اور تندرستی پے بہت غراہ
اثر پڑتا ہے اور صحت مند انسان ہی خوش گوار زندگی
گزارتا ہے۔

## Examiner comments

(3) The candidate's use of a conjunction to elaborate their sentence by turning it into a compound sentence shows some variation in sentence structure. More varied vocabulary including that for conjunctions would improve this essay.

(4) The candidate uses the conditional tense here to provide a well thought out point although its link with the essay title is tenuous. The candidate attempts to include a more ambitious sentence type.

(5) The candidate provides a conclusion with links made to the essay question. The candidate also gives their own opinion and provides limited justification as to why they believe this. However, the points do not show a sound knowledge of the subject.

Mark for Content =
11 out of 16

Mark for Language =
18 out of 24

**Total mark awarded =
29 out of 40**

## How the candidate could have improved

- Although the candidate writes about the broad topic area in detail, they have not always related their points specifically to the question title. The points need to be concise and relate directly to the question title for them to be deemed relevant.
- Using some common language errors throughout the essay has affected the overall accuracy and flow of the essay.
- Although making some attempts to use ambitious vocabulary, the candidate has not always been successful in conveying the message and needed to use more subject specific vocabulary more accurately.

## Common mistakes candidates made in this question

- Candidates did not always include information that is relevant. The points discussed must link to the specific question title and not just to the broad topic area. For instance, the question required the candidates to consider whether fast food could be included as part of a balanced diet. General comments related to health with little or no mention of fast food did not score very highly for Content.
- Using pre-learned idioms and phrases shows a more sophisticated linguistic style but candidates must ensure this is done in a manner where they help to further develop the point and do not detract from the flow of the essay.

# Question 3

## Example Candidate Response – high

تعلیم

3. کیا علم حاصل کرنے کے لیے تعلیمی درس گاہوں میں جانا ضروری ہے؟ بحث کریں۔

ایک بہت مشہور اور کھری بات یہ ہے کہ تعلیم یافتہ اقوام دنیا پر حکومت کرتی ہیں۔ تعلیم کا لفظ 'علم' سے نکلا ہے، جس کے معانی روشنی یا جاننا کے ہیں۔ علم حاصل کرنا ہر بچے، بوڑھے اور جوان پر فرض ہے۔ یعنی یہ کہنا مناسب ہے کہ عمر کے کسی بھی حصے میں علم حاصل کرنا جائز ہے۔ علم کی بدولت اس انسان کی کردار سازی ہوتی ہے۔ انسان معاشرے میں قابل عزت زندگی گزارتا ہے۔

ایک ان پڑھ اور پڑھے لکھے انسان میں واضح فرق نظر آتا ہے۔ لوگ پڑھے لکھے انسان کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ دنیا میں ہر چیز کے مثبت اثرات کے ساتھ ساتھ منفی اثرات بھی ہوتے ہیں، مگر تعلیم ایک ایسی چیز ہے جس کو حاصل کرنے سے انسان کی زندگی ہریالی کی مانند بن جاتی ہے۔ تعلیم کی بدولت انسان میں عقل و شعور کا اضافہ ہوتا ہے اور اس کا ذہن نشو ونما ہوتا ہے۔ انسان اور حیوان میں فرق تعلیم کی بدولت آتا ہے۔

بڑھتی ہوئی آبادی کے ساتھ ساتھ دنیا میں تعلیمی ادارے بھی بڑھ رہے ہیں۔ ہمارے ملک کے ہر شہر کے ہر محلے میں بارش کی طرح سکول کھل رہے ہیں۔ مگر مسئلہ یہ ہے کہ پوری دنیا میں سینکڑوں کی تعداد میں تعلیمی ادارے ہونے کے باوجود پائیدار اور اچھے ادارے آٹے میں نمک کے برابر ہیں۔ مہنگائی کے اس دور میں لوگ اپنے گھر کا خرچہ بھی پورا کر لیں تو بہت ہے، ان کی آمدنی اپنے بچوں کو اچھے تعلیمی اداروں میں پڑھانے کے لیے ناکافی ہے۔ دنیا میں کروڑوں کی تعداد میں ایسے لوگ ہیں جو کہ اپنے بچوں کو کم عمری میں ہی کام پر لگا دیتے ہیں اور جب وہ بچے عقل پاتے ہیں تو ان کو نہ پڑھنے کا ملال ہوتا ہے۔ اور گلی محلوں میں موجود، کم فیسوں والے ادارے لوگوں کو تعلیم کے نام پر دھوکہ دیتے ہیں۔

علم حاصل کرنے کے لیے اگر کوئی بچہ یا نوجوان تعلیمی اداروں کا رخ کرے تو اس کو علم کی دولت کے ساتھ ساتھ تربیت بھی ملتی ہے۔ جب اس کا ملاپ دوسرے لوگوں سے ہوتا ہے تو وہ معاشرے میں رہن سہن اور اٹھنا بیٹھنا سیکھتا ہے۔ وہ زندگی کی تہذیب و ثقافت

## Examiner comments

1 The candidate articulates their points well and shows sophistication in the sentence patterns used to do this. The use of the complex sentence structure throughout this essay shows consistency and fluency.

2 The candidate is able to confidently use linguistic techniques such as idioms and proverbs to enhance the quality of their writing.

3 The candidate shows a thorough understanding of the topic by commenting not only on the academic successes one can achieve at an educational institute, but also the positive effect being in such an environment can have on a person's social, mental and emotional health.

## Example Candidate Response – high, continued

صد جانتا ہے۔ اس کو زندگی اور دنیا کے مختلف روپ دیکھنے کو ملتے ہیں۔
انسان اچھے اور برے کاموں میں فرق کرنا جانتا ہے۔ اس کو دوسرے
لوگوں پر برتری حاصل ہوتی ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ اس کو منفعت
مل جاتی ہے جو کہ دور حاضر حال میں جینے کے لیے اور روزی روٹی کمانے
کے لیے بہت ضروری ہے۔ 4

اس کے برعکس گھر پر بیٹھے ہوئے تعلیم حاصل کرنا یا پرائیویٹ طریقے سے تعلیم
حاصل کرنا ہے۔ اس کی بدولت انسان کو بلاشبہ، تعلیم تو ملتی ہے مگر
بہت نہیں ہوتی کئی بار انسان کو نصاب اور پڑھائی کو سمجھنا مشکل ہو جاتا
ہے۔ انسان ایک بند کمرے میں اپنے ہی اندر رہنے لگتا ہے۔ اس کو دوسرے
لوگوں کو جاننے اور سمجھنے اور ان سے نت نئی باتیں سیکھنے کا موقع نہیں ملتا۔
ان کو گھر بیٹھے بیٹھے پڑھ کر ان پڑھائی تو مکمل ہو جاتی ہے بلکہ ان
کے آنے جانے کا خرچہ بھی کم ہوتا ہے مگر معاشرے میں لوگ ان کو اچھا نہیں
سمجھتے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کو اچھے اداروں میں نوکریاں ملنے میں 5
بھی بہت دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

چنانچہ یہ طے پایا کہ اگر انسان معاشرے میں عزت سے زندگی گزارنا
چاہتا ہے تو اس کے لیے اچھے اداروں میں تعلیم حاصل کرنا ضروری ہے۔

## Examiner comments

4 The candidate explores both sides of the argument in detail with points made in a coherent and concise manner. The points raised are well thought out, relate directly to the relevant question and are supported by examples and factual statements.

5 The candidate draws a conclusion which, although relevant to the question, is very brief and requires more reference to the rest of the essay.

Mark for Content = 14 out of 16

Mark for Language = 23 out of 24

**Total mark awarded = 37 out 40**

## How the candidate could have improved

- The candidate scored very highly on this question. More time spent evaluating the points in the concluding paragraph would have had a positive impact on the overall essay.
- In addition to this, the candidate could have used more ambitious language to articulate their points to show a more individual writing style.

## Example Candidate Response – middle / high

کیا علم حاصل کرنے کے لیے درس گاہوں میں ضروری ہے بحث کیجیے۔

جواب: علم ایک ایسی نعمت ہے جو انسان کو بے شمار فائدے زندگی میں پہنچاتی ہے۔ ہمارے بزرگوں کا بھی کہنا ہے کہ "ہم علم سے دولت کما سکتے ہیں مگر دولت سے علم کو خرید نہیں سکتے" اسی لیے ہمیں علم حاصل کرنے کے لیے درس گاہوں جیسے تعلیمی اداروں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ (1)

یہ اس لیے ضروری ہے کیونکہ وہاں پر ہماری سیرت و کردار کی تعمیر کا بوجھ بھی اپنے کندھوں پر اٹھاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ہمارا مستقبل روشن ہو جاتا ہے۔ تعلیمی درس گاہوں میں جانا اس لیے بھی ضروری ہے کیونکہ گھر پر رہنے سے آپ کا علم وسیع ہونے کے بجائے محدود ہو جاتا ہے اور ایک ذہنی نشوونما بھی متاثر ہوتی ہے جبکہ درس گاہوں کا رخ کرنے سے انسانی عزائم مزید بلند تر ہو جاتے ہیں۔ یہ کہنا بالکل بھی غلط نہ ہوگا کہ درس گاہوں کا رخ کرنے سے ہمارے علم میں بے بہا اضافہ ہوتا ہے جو ہماری زندگی کے لیے بھی کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ (2)

کسی بھی ملک کی ترقی کا راز اس کی عوام میں چھپا ہوتا ہے اور بعض لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جنہوں نے علم جیسی دولت سے نام کمایا اور دنیا کے لیے مثال بن گئے۔ ایسے لوگ مرنے کے بعد بھی زندہ جاوید رہتے ہیں۔ جیسے کہ علامہ (3)

## Examiner comments

(1) The candidate provides a clear and concise introduction with relevant points made in relation to the essay title.

(2) The candidate uses more ambitious vocabulary to develop their ideas further.

(3) The candidate makes specific references to modern day role models that have attended educational institutions and the positive impact this has had on their lives. The point is further justified by exploring the impact this has on the country the people belong to. This shows a sound understanding although this level of detail is not consistent throughout the essay.

## Example Candidate Response – middle / high, continued

Question number | Page 2 | Leave blank

اقبال، قائد اعظم اور سر سید احمد خان - یہ
ہمارے لیڈرز علم حاصل کرنے کے لیئے تعلیمی درس
گاہوں میں گئے تھے۔

جبکہ کچھ لوگوں کے نظریے کے مطابق علم
حاصل کرنے کے لیئے یہ ضروری نہیں ہے کہ
آپ تعلیمی درس گاہوں میں جائیں۔ آج
کے اس جدید دور میں انٹرنیٹ کی مدد سے
آپ گھر بیٹھے بیٹھائے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں
اس سے آپکا قیمتی وقت ضائع نہیں ہوتا
اور انہیں تعلیمی درس گاہوں کی انتظامیہ
کا محتاج نہیں ہونا پڑتا۔ (4)

(5) میری رائے کے مطابق ہمیں علم حاصل
کرنے کے لیئے تعلیمی درس گاہوں کا رخ
کرنا چاہیئے کیونکہ یہ ایک ذریعہ ہے جس
سے ہم ایک عظیم قوم اور ایک ترقی
یافتہ ممالک بن سکتے ہیں۔ علم حاصل کرنے
سے ہمارے اندر ~~جذبہ~~ عقل شعور حاصل
کرنے کے ساتھ ساتھ ہمارے کردار میں مزید
نکھار پیدا ہوتا ہے

357 words

## Examiner comments

(4) The candidate makes relevant points but they could be further supported with statements and examples to help with the justification.

(5) A greater attempt at more extensive vocabulary and using more ambitious sentence structures would greatly improve this essay.

Mark for Content = 12 out of 16

Mark for Language = 21 out of 24

**Total mark awarded = 33 out of 40**

## How the candidate could have improved

- By providing more references and examples, the candidate could have included more detail in their response, resulting in more well-thought-out points.
- Providing more detail in the conclusion which was a little brief would have been effective. The candidate should have used this paragraph as an opportunity to sum up and evaluate the points raised in the essay alongside a personal opinion on the matter.

## Example Candidate Response – low / middle

تعلیم

Q3

تعلیم سے مراد ہے علم حاصل کرنا۔ علم کی
بہت سی اقسام ہیں۔ تعلیم حاصل کرنا ہر انسان
کے لیے ضروری ہے۔ یہاں تک کہ علم اور
تعلیم حاصل کرنے سے ہر انسان کی زندگی [1]
خوشگوار کرتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم
اپنی نسل کو پڑھائی سے ہٹ کر بھی علم حاصل
کرنے کی کا مشورہ دیں۔ علم کسی بھی قسم کا ہو
سکتا ہے۔ تعلیم دینی بھی ہو سکتی ہے اور دنیاوی بھی [2]
تعلیم حاصل کرنا ایک شخص کے لیے اس لیے ضروری
ہے کیونکہ علم اسے اس دنیا میں گزارا کرنے میں
مدد کرتا ہے۔

تعلیم کے حوالے سے ہمارا مذہب بھی ہمیں
اس بات کا تلقین کرتا ہے کہ علم حاصل کرو
چاہے چین جانا پڑے۔ اس بات سے ہمیں یہ
پتا چلتا ہے کہ ہمارا مذہب تعلیم و تربیت
کے حق میں ہے۔ ہمارا مذہب ہمیں دینی
تعلیم کے ساتھ ساتھ دنیاوی تعلیم حاصل کرنے کا
بھی حکم دیتا ہے

معاشرے میں تعلیم کی حیثیت بہت زیادہ
ہے کیونکہ اس کے بغیر اس معاشرے میں
رہنا مشکل ہے۔ اس معاشرے میں رہنے کے لیے
ایک عام آدمی کے لیے تعلیم و تربیت بہت ضروری
ہے اسی لیے لوگ اپنے بچوں کو سکول میں
داخل کرواتے ہیں تاکہ وہ ایک چھوٹی عمر سے
تعلیم و تربیت حاصل کرے

## Examiner comments

1 The candidate makes points on the broader topic area of education and does not link this to the specific essay title, which requires candidates to discuss whether it is important for people to study at an educational institute in order to gain knowledge and learn.

2 The candidate uses very limited sentence structures and repeats the same words several times. More varied vocabulary and more use of complex sentence patterns would greatly enhance this essay.

## Example Candidate Response – low / middle, continued

آج کل کے تیز رفتار دور میں تعلم حاصل کرنا
اور بھی زیادہ ضروری ہوگیا ہے کیوں کہ اگر آپ
تعلم و تربیت سے مروم ہیں تو آپ آج کل کے
ماشرے میں گزارا نہیں کر سکتے

مجھے لگتا ہے کہ تعلم حاصل کرنا بہت ضروری
ہے کیوں کہ تعلم کے بغیر آج کل کسی کو کوئی
اچھی نوکری نہیں ملتی اور آج کل کے اس مہنگائی
کے دور میں غریب بندا تعلم بھی حاصل نہیں
کر سکتا اور اسی لیے اسے مزدوری اور بہت (3)
محنت کرنی پڑھتی ہے۔ میرا اپنا ذاتی خیال
یہ ہے کہ تعلم عام کر دینی چاہیے [redacted] اور
ہر انسان پر تعلم حاصل کرنا لازمی کر دینا چاہیے یہاں
تک کہ غریب کی فیس بھی معاف ہونی چاہیے
تاکہ اس کی پیسے کی کمی کی وجہ سے وہ بھوکا
نہ رہے

دینی اور دنیاوی تعلم کے علاوہ بھی علم
حاصل کرنا ضروری ہے۔ علم کسی بھی قسم کا
ہو سکتا ہے۔ آج کل کے تیز رفتار دور میں آپ
کے اسکیل بھی آپ کے لیے بہت فائدہ مند
ہوتے ہیں۔ تعلم و تربیت میں سب
سے بڑا ہاتھ آپ کے والدین اور آپ کے
استاد کا ہوتا ہے جو آپ کو اس سب میں بہت
مدد کرتے ہیں

تعلم حاصل کرنے کے لیے تعلیمی درس گاہوں
میں جانا ضروری ہے۔ تعلیمی درس گاہوں میں
علم حاصل کرنا اس لیے ضروری ہے کیوں کہ

## Examiner comments

(3) There are some persistent errors in spelling throughout the essay. The candidate writes the essay in the present tense with some attempts at using the past tense.

| Example Candidate Response – low / middle, continued | Examiner comments |
|---|---|
| درس گاہ میں آپ کو استاد کی پوری توجہ<br>ملتی ہے لیکن پرائیویٹ طلبہ کو گھر میں کسی (4)<br>مدد کے بغیر بہت زیادہ محنت کرنی پڑتی ہے<br>ایک تعلیمی درس گاہ میں جیسے ایک<br>بچے کی تعلیم و تربیت کی جاتی ہے اس طرح<br>گھروں میں کرنا بہت مشکل ہے۔ عام بچے<br>کے لیے تعلیمی درس گاہ میں جانا ضروری<br>ہے جب کے تعلیمی درس گاہ نہ جانے والے<br>بچے گھروں میں کسی مدد کے بغیر بہت مشکل کا<br>شکار ہوتے ہیں۔ تعلیمی درس گاہ نہ جانا<br>ان بچوں کے لئے اہم ہے جن کو علم حاصل<br>ong: کرنے کا شوق ہے مگر وہ تعلیم کا خرچ نہ اٹھا<br>سکتے ہوں۔ وہ بچے تعلیمی درس گاہ جائے بغیر<br>امتحانات میں بیٹھ سکتے ہیں اور باقی وقت<br>وہ اپنے گھر والوں کی مدد کر سکتے ہیں | (4) Although this paragraph links to the specific essay title, it does not contain enough detail for it to cover all aspects of the issue. However, the candidate raises points that show thought and these are supported by some examples.<br>Mark for Content =<br>10 out of 16<br>Mark for Language =<br>17 out of 24<br><br>**Total mark awarded =**<br>**27 out of 40** |

## How the candidate could have improved

- Discussing the broad topic area and relating their points to the essay title in the question.
- Although some points were relevant and scored marks, overall, this was a very general response. More time spent understanding the question would have had a positive impact on this essay.
- The candidate needed to make more of an attempt to vary the sentence types and the sentence structure was often repeated.
- The candidate needed to use more complex sentence patterns and attempt to incorporate different tenses within their essay.

## Common mistakes candidates made in this question

- Some responses provided a general discussion on education and did not adequately address the question itself. They provided some points on the education system and the importance of learning but this did not relate to the specific essay title which required candidates to discuss whether attending an educational institute is a vital step in gaining knowledge.
- Some candidates gave their views on different educational settings and could provide some factual evidence where appropriate, but again this did not always relate to the title.
- Candidates need to answer the question set. Those who provided an answer for a question they had prepared for, rather than for the question on the paper, were limited to low level marks.

# Question 4

## Example Candidate Response – high (1)

4 [ ٹیکنالوجی کی ایجادات ]

جدید ٹیکنالوجی فائدہ مند ہے مگر اس کے نقصانات زیادہ ہیں
بحث کیجیے ۔

بڑھتے وقت کے ساتھ میں اس بات کا دھیان ہی نہ رہا کہ اپنے ارد 1
گرد ہونے والی ترقی کا ذرا باریک بینی سے جائزہ لیں۔ اس امر سے نفی
ناممکن ہے کہ ہماری روز مرہ کی زندگیاں اب ٹیکنالوجی قابو کر رہی ہے
زندگی کے ہر شعبے میں ٹیکنالوجی کا دور دورہ ہے اور اسی پر اکتفاء نہیں
بلکہ ہر بڑھتے دن کے ساتھ اس میں نت نئے اضافے بھی ہو رہے ہیں
~~جس سے اسکی کارکردگی پر مثبت اثر پڑتا ہے~~ جس کا مقصد اس کی کارکردگی
کو مزید بہتر کرنا ہے۔ سب سے عام اور بڑی مثال موبائل فون کی ہے۔
جیسا کہ ہم دیکھتے ہیں تقریباً ہر روز ہی کوئی نہ کوئی نئی ٹیکنالوجی یا موبائل
دریافت کر لیا جاتا ہے اور عوام کو اس کی اہمیت اجاگر کر کے بیچا جاتا
ہے۔ یہ تو خیر ذاتی استعمال کی چیز ہے لیکن اگر ہم زندگی کے شعبہ جات
کے حوالے سے دیکھیں تو اس کے فوائد میں سے سب سے بڑا فائدہ وقت کی 2
بچت ہے۔ جیسے کہ گاڑی یا باورچی خانے میں استعمال ہونے والی بجلی کی
مشینیں جس میں مصالحہ کو پیسنا یا کچھ کٹ کرنا آسانی سے ~~وغیرہ~~
کم وقت میں ~~بڑا~~ مکمل ہو جاتا ہے

اب ظاہر سی بات ہے اس دنیا میں آج تک کوئی ایسی انسانی ایجاد نہیں ہوئی
جس کے چہار سو فائدے ہی فائدے ہوں۔ ہر چیز کے ساتھ نقصانات
بھی لازمی ہیں اور اس کے غلط ~~استعمال~~ استعمال کو ایک طرف رکھتے ہوئے 3
بھی اس کی زیادتی بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے جیسا کہ اگر
ہم ایئر کنڈیشن کمرے میں پورا دن بیٹھے رہیں تو جوڑوں میں تکلیف
شروع ہو جاتی ہے۔ ~~اسی~~ اس ذیل کے نقصانات کی تو ایک انتہائی لمبی
فہرست ہے۔ اسی ذیل کا نقصان گاڑی پر بھی اطلاق کیا جا سکتا ہے کیونکہ اس
سے ہماری نسل کی صحت کمزور ہو گئی ہے لیکن اس سے دامن چھڑانا
تو بہت ہی ناممکن ہے

بہرحال زیادہ تفصیل میں جانے کے لیے وقت اور الفاظ دونوں کا ہی توافر

## Examiner comments

1 The candidate uses a range of vocabulary confidently and appropriately to articulate their points. The use of more sophisticated phrases gives this essay an overall fluent and accurate style.

2 Including more idioms and proverbs in this essay would show a greater mastery over the language and would enhance the linguistic style.

3 A very well-structured essay which shows clear thought was given when planning and organising the ideas into paragraphs. There is a clear progression of ideas which have been elaborated on and relate to the specific essay title. The candidate provides a range of examples and references to justify their points.

<table>
<tr><th>Example Candidate Response – high (1), continued</th><th>Examiner comments</th></tr>
<tr><td dir="rtl">مقدار میں ہونا لازمی ہے جو کہ ابھی فالحال ناممکن ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ<br>ٹیکنالوجی کے نقصانات اس کے فوائد سے زیادہ ہیں۔ ایک سوال یہ بھی<br>اٹھتا ہے ذہن میں کہ اگر نقصانات ہیں بھی تو لوگ ان سے گریز<br>کیونکر نہیں کرتے؟ تو اسکا جواب میرے خیال میں یہ بھی ہو سکتا<br>ہے کہ انسان کی فطرت ہے، جس چیز سے اس کو روکا جاتا ہے وہ وہی کرنے<br>کی طرف مائل ہوتا ہے۔ لہذا اگر ہم دیکھیں تو انٹرنیٹ کے جتنے فائدے<br>ہیں اسی حساب سے نقصانات بھی ہیں۔ لوگ سائبر کرائم کی طرف<br>آگئے ہیں جو کہ باقی صارفین کے لئے بھی خطرہ سے خالی نہیں۔<br>ٹیکنالوجی نے ہر انسان کی زندگی کو قابو میں لے لیا ہے جس سے اس کی صحت،<br>اس کی ذہنیت اور سوچ، اس کے مشاغل پر مثبت سے زیادہ منفی اثرات<br>پڑ رہے ہیں اور کبھی کبھار اسکی حفاظت کو بھی خطرہ ہو سکتا ہے کیونکہ کسی<br>کی بھی لوکیشن معلوم کرنا اب بہت آسان ہے۔ (4)</td><td>(4) The candidate provides a balanced conclusion to summarise the points of the essay alongside a personal opinion.<br>Mark for Content =<br>14 out of 16<br>Mark for Language =<br>22 out of 24<br><br>Total mark awarded =<br>36 out of 40</td></tr>
</table>

## How the candidate could have improved

- The candidate performed very well in this essay. More counter arguments provided with clear references would have shown more extensive knowledge on the issue raised.
- Although the candidate used a good variety of more sophisticated vocabulary and phrases, demonstrating for the correct use of all three tenses, particularly the future tense, would have shown a more confident linguistic style.

| Example Candidate Response – high (2) | Examiner comments |
|---|---|
| 04 ٹیکنالوجی کی ایجادات<br><br>1<br><br>جس طرح ہر کہانی کے دو پہلو ہوتے ہیں، اسی طرح ہر چیز کے فائدے اور<br>نقصانات ہوتے ہیں۔ مگر سوال یہ اٹھتا ہے کہ کیا جدید ٹیکنالوجی فائدے سے زیادہ<br>2 نقصان دہ ہے؟ اگر ہم اپنی زندگی پر نظر ڈالیں تو ~~ہمیں یہ~~ یہ ہم پر واضع ہوگا کہ ہم<br>ان ایجادات میں کس طرح مل چکے ہیں۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ زندگی کا پہیہ<br>ان ایجادات کے گرد گھومتا ہے اور ان کے بغیر زندگی کا تصور ناممکن ~~لگتا~~<br>لگتا ہے۔<br><br>اس جدید ٹیکنالوجی نے زندگی آسان سے آسان تر بنادی ہے۔ اگر بات<br>کی جائے کسی سے رابطے میں رہنے کی یا پھر کسی قسم کا پیغام پہنچانے کی تو کوئی<br>مسئلے کی بات نہیں ہے۔ پہلے جہاں خطوط کو کبوتر یا پھر ڈاک کے ذریعے بھیجا<br>جاتا تھا وہاں آج یہ ~~ایک پل میں~~ ۔ جسے اپنی منزل پر پہنچنے کے لیے<br>3 کئی دن لگ جاتے تھے آج وہ ایک پل میں ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ اب<br>گھنٹوں لائبریری میں گزارنے کی ضرورت نہیں پڑھتی کیوں کہ اب معلومات<br>کا عنوان لکھتے ہی معلومات آپ کے سامنے حاظر ہوتی ہے۔ امریکہ<br>میں رہنے والے ماموں جان کی یاد آئے تو وڈیو کال پر بات کرسکتے ہیں۔ | 1 By providing specific examples and references to support their arguments, the candidate demonstrates a sound knowledge of the subject.<br><br>2 The candidate links the introduction directly to the essay title which shows a good understanding of the issue.<br><br>3 The candidate discusses both the positive impact technology has on our society and how there are some detrimental issues that arise from extensive use of technology. |

## Example Candidate Response – high (2), continued

بھوک لگے تو گھر پر کھانا منگوا سکتے ہیں۔ وقت گزارنے کے لیے دوستوں کے
ساتھ آن لائن گیمز بھی کھیل سکتے ہیں۔ تو یہ کہا جاسکتا ہے کہ ٹیکنالوجی
انسانوں کے لیے الہ دین کے چراغ کی طرح کام کر رہی ہے۔
مگر اتنی آسانی کی وجہ سے انسان انتہائی سست بن چکے ہیں۔ جہاں **4**
سطح ٹیکنالوجی نے فاصلوں کو سمیٹا ہے وہاں دلوں کو دور کر دیا ہے۔
شہر کی لائبریریاں خالی نظر آتی ہیں۔ فاسٹ فوڈ کی عام فروخت کی
اور موٹاپے
وجہ سے اور اب کوئی گھر کا کھانا کھانا ہی نہیں چاہتا ہے جو بے شمار بیماریوں کا
سبب بن رہا ہے۔ آج کل کے نوجوان گلیوں میں کھیلنے کودنے کی عمر میں
دن بھر اپنے کمرے میں بند اپنے کمپیوٹر اور موبائل فون میں لگے
رہتے ہیں۔ اب تو عالم یہ ہے کہ ایک ہی چھت کے نیچے رہنے والے افراد
کو ایک دوسرے کے حال سے ناواقف ہوتے ہیں۔ بے شک ٹیکنالوجی
ہماری نہیں بلکہ ہم ٹیکنالوجی کے غلام بن چکے ہیں۔
'انسان شروع کرتا ہے، اور خدا ختم کرتا ہے'۔ کسی چیز سے
فائدہ پہنچنا یا نقصان ہونا ہمارے اپنے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ ~~جیسے جدید~~
وجود
~~ٹیکنالوجی ٹیکنالوجی کی وجہ سے ایسے علاج اور ادویات وجود میں آئیں~~

## Examiner comments

**4** The candidate has a natural flair for writing and this is evident through their use of phrases and similes to effectively convey a clear, well thought out point.

| Example Candidate Response – high (2), continued | Examiner comments |
| --- | --- |
| ~~جن سے روز لاکھوں جانیں بچ جاتی ہیں مگر اسی ٹیکنالوجی کے ذریعے~~<br>~~میزائل تیار کیے جاتے ہیں جو لاکھوں لوگوں کی جان لے لیتا ہے۔~~<br>جس تلوار سے اپنا تحفظ کیا جاتا ہے اسی سے ہی کسی کی جان جا سکتی<br>ہے۔ فیصلہ آپ کے اپنے ہاتھ میں ہے کہ آپ اسے کس طریقے ~~اچھے~~ سے<br>استعمال کریں۔ جدید ٹیکنالوجی کا (کے) درست استعمال ~~زندگی~~ سے زندگی آسان اور<br>پرسکون لگے گی اور اس کا غلط استعمال سے ~~انسان~~ اپنے پیروں پر خود کلہاڑی<br>مارنا ہے۔ کل الفاظ: 375 | Mark for Content =<br>14 out of 16<br>Mark for Language =<br>21 out of 24<br><br>**Total mark awarded =**<br>**35 out of 40** |

## How the candidate could have improved

- More factual examples would have made this essay more impactful and conveyed the points in a more powerful way.
- There is evidence of language that has been used fluently but more complex linguistic structures and patterns would have shown greater variation in the sentence types used.

| Example Candidate Response – middle | Examiner comments |
|---|---|
| ٹیکنالوجی کی ایجادات — Q4<br><br>ٹیکنالوجی ایک بہت ہی وسیع موضوع ہے۔ اس کے<br>بہت سے فوائد اور نقصانات ہیں۔ میرے نزدیک اس<br>کے فوائد کافی زیادہ ہیں۔ اکیسویں صدی میں<br>ٹیکنالوجی نے بہت ترقی کی ہے۔ لیپ ٹاپ سے<br>لے کر انٹرنیٹ تک سب لوگ کسی نہ کسی طرح ٹیکنالوجی<br>سے مفید ہو رہے ہیں۔ سکولوں اور افسوں<br>میں کمپیوٹر اور دیگر مشینوں نے یہاں<br>کے ملازمین کا کام کافی حد تک آسان بنا<br>دیا ہے۔ پہلے اگر کوئی بڑا بینک سے حساب کرایا<br>جاتا تھا کہ ~~اس سے~~ تو اسے ہاتھ سے کرتے<br>تھے اس کی وجہ سے وقت بھی کام لگتا<br>تھا اور غلطی کے امکانات بھی زیادہ ہی ہوتے<br>مشینوں سے کمپنی نے لوگوں کا<br>وقت بھی بچایا ہے اس کو آسان بھی<br>بنایا ہے<br>اس ہی طرح صحت کے شعبے میں<br>بھی ٹیکنالوجی کا استعمال کافی حد تک بڑھ<br>گیا ہے۔ دل کے امراض کو جانچنے کے لیے<br>انجیو پلاسٹی کی جاتی ہے جس سے پتا لگتا<br>ہے کہ دل کی کون سی رگیں بند ہیں<br>یہ ٹیکنالوجی کی ایجاد کے بغیر ممکن نہ تھا۔<br>انٹرنیٹ سے تو پوری دنیا ہی مفید ہو رہی<br>ہے۔ چھوٹے بچوں سے لے کر بڑوں تک<br>سب ہی اس کا استعمال کرتے ہیں۔ یہ کافی<br>چیزوں میں مفید ہے۔ اگر آپ کہیں جا رہے<br>ہوں اور آپ کو راستہ معلوم نہ ہو تو آپ<br>انٹرنیٹ کا استعمال کر کے با آسانی اپنی منزل<br>تک پہنچ سکتے ہیں۔ اس ہی طرح اس | (1) The candidate makes a number of errors in the spelling which affect the overall flow of the essay. More complex sentence patterns would enhance the quality of this essay.<br><br>(2) The candidate makes attempts to use more sophisticated vocabulary although the spellings of these more ambitious words are not always accurate.<br><br>(3) The candidate makes a good point here with reference to the benefits of using technology in the health sector and how this has improved the overall service. This point is further developed with mention of 'angioplasty'. |

## Example Candidate Response – middle, continued

پر ہر قسم کی پڑھائی کے نوٹس موجود ہوتے
ہیں۔ مثلاً کورونا کی وباء کے باعث
پوری دنیا میں اسکول بند تھے جس
وجہ سے بچوں کی تعلیم کا بہت نقصان ہوا مگر
آن لائن کلاسوں نے اس نقصان کو کافی حد تک
کم کیا اور یوٹیوب پر بھی کافی مفید ویڈیوز ہیں
جن سے فائدہ اٹھایا گیا۔ 4
کھیل کے میدان میں بھی ٹیکنالوجی کا استعمال
کافی حد تک بڑھ گیا ہے پہلے جب کرکٹ
میں ایک کھلاڑی کو ایمپائر
آؤٹ دیتا تھا تو اس کو چیک کرنے کا کوئی طریقہ
نہیں تھا مگر اب بال ٹریکنگ سے پتا لگا سکتے
ہیں کہ آیا آؤٹ تھا یا نہیں۔
بیشک ٹیکنالوجی کے فوائد بہت ہیں 5
مگر اس کے نقصانات بھی ہیں مشینوں نے
کافی حد تک بندوں کو سنبھال لیا ہے جس کی
وجہ سے لوگ اپنا روزگار کھو رہے ہیں
خدشہ ہے کہ آنے والے وقتوں میں ٹیکنالوجی
اتنی جدید ہو جائے گی کہ اس وجہ سے دنیا میں
بیروزگاری بہت حد تک بڑھ جائے گی اس میں
کوئی شک نہیں کہ کسی کاروبار میں
ٹیکنالوجی کا استعمال کاروبار کو بہت
فائدہ دے گی مگر اس سے ہزاروں لوگوں کو
نقصان بھی ہوگا۔
اسی طرح انٹرنیٹ اور موبائل فون نے
قریب لوگوں کو دور اور دور لوگوں کو قریب
کر دیا ہے اس کی ضرورت سے زیادہ استعمال 6
سے فیملی رشتوں جیسے ماں باپ بھائی بہن
کے ساتھ کبھی وقت گزارا نہیں ہیں
انٹرنیٹ پر ہر قسم کا مواد ہوتا ہے۔

## Examiner comments

4 Mention of online classes during Covid-19 and the usefulness of technology during these times shows that the candidate makes a relevant and thought-provoking response to the title.

5 The essay title is clearly addressed. By mentioning both the benefits of modern-day technology and its disadvantages the candidate could have provided a more balanced argument. It is important that candidates explore both sides of the argument.

6 There is some focus on the disadvantages of technology but the essay mainly focuses on the positives that technology provides.

| Example Candidate Response – middle, continued | Examiner comments |
|---|---|
| اس عمر بچوں کو اسے استعمال کرتے<br>وقت ان کی نگرانی کرنا چاہیے بھی ضروری<br>ہے<br>[illegible]<br>ٹکنالوجی کا استعمال ملک اور قوم کی ترقی<br>کا باعث بن سکتی ہے مگر اس کا غلط<br>استعمال بھی ہو سکتا ہے۔ ملکوں کے سربراہان (7)<br>کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ اس کا صحیح<br>استعمال ہو تاکہ یہ اس چیز کے لیے استعمال<br>ہو سکے جس کے لیے اس کو یہاں تک لایا (8)<br>گیا | (7) The candidate provides a balanced conclusion with a clear stance on the issues discussed.<br><br>(8) The candidate confidently uses the present tense throughout the essay and the past tense on a few instances but more variation in tenses would have shown a more confident style of writing.<br>Mark for Content = 14 out of 16<br>Mark for Language = 17 out of 24<br><br>**Total mark awarded = 31 out of 40** |

## How the candidate could have improved

- The candidate needed to pay more attention to the language used in this essay. Although lots of clear and relevant points were raised, the language used to convey these points was not always accurate.
- More ambitious vocabulary, which was subject-specific, would have helped to enhance the flow and fluency of this essay.
- The candidate used lots of simple sentence-structure patterns, with little attempt at using more ambitious word order in their sentences.

## Common mistakes candidates made in this question

- Candidates needed to provide more factual evidence to support their ideas and discuss in more detail what the damaging effects of using technology could be.
- Often, candidates emphasized the importance of technology in most industries, but in order to provide a balanced argument both sides of the argument must be explored and discussed.
- The points made were not always developed and could not be used to draw a well-structured conclusion.

Cambridge Assessment International Education
The Triangle Building, Shaftesbury Road, Cambridge, CB2 8EA, United Kingdom
t: +44 1223 553554
e: info@cambridgeinternational.org    www.cambridgeinternational.org

Copyright © UCLES May 2021